رسو ل اللہ ﷺ نے کتے کی قیمت، فاحشہ کی اجرت اور کاہن کی کمائی سے منع فرمایا ہے

ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کتے کی قیمت، فاحشہ کی اجرت اور کاہن کی کمائی سے منع فرمایا ہے
[صحیح] [متفق علیہ]

روزی تلاش کرنے کی بہت سے عمدہ، معزز اور پاکیزہ راستے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے خبیث اور رذیل کے مقابلہ بنایا ہے چونکہ پہلے(پاکیزہ) راستے دوسرے راستوں کے بنسبت کفایت گزار ہیں، نیز ان غلط راستوں کے نقصانات اول الذکر راستوں کے بالمقابل زیادہ ہیں، چنانچہ شریعت نے ان ناپاک راستوں کوحرام قرار دیاہے ذیل کے تینوں اقسام کے معاملات انہی ناپاک راستوں میں سے ہیں 1- کتے کا بیچنا اس لیے کہ یہ ناپاک اور خبیث ہے 2- بعینہ فاحشہ عورت کا اپنے گناہ کے بدلہ اجرت لینا، جس سے دین و دنیا دونوں برباد ہوتے ہیں 3- اسی میں جھوٹ اور گمراہ کرنے والے لوگ کی (ٹھگی کرکے) کمائی کرنا بھی شامل ہے، جن کا دعویٰ ہے کہ وہ غیب جانتے ہیں، کائنات میں تصرف کرتے ہیں اور لوگوں کے ذہنوں میں غلط خیالات ڈال کر ان کے اموال حاصل کرکے انہیں باطل طریقہ سے کھاتے ہیں یہ تمام خبیث راستے ناجائز اور حرام ہیں اور ان کا اختیار کرنا اور ان کی کمائی لینا بھی حرام ہے اس کے بدلے اللہ تعالیٰ نے جائز اور اچھے راستے فراہم کیے ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6036